دھلی اور پٹنہ سے ایک ساتھ شائع ہونے والا روزنامہ

Hindustan Express

ھندوستان ایکسپریس

نئی دہلی، ہفتہ، یکم نومبر 2025، بمطابق 09، جمادی الاول 1447ھ، صفحات 8، قیمت: 2روپے

# مفتی مکرم کی غزہ جنگ بندی کی خلاف ورزی کرنے پر اسرائیل کی شدید مذمت



نئی دہلی (فرحان یحیٰی) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ نوجوانوں کی دینی تربیت کی طرف توجہ کریں افسوس یہ ہے کہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں دینداری سے بہت دور ہیں اور والدین تربیت میں ناکام ہیں۔ انہوں نے ڈومریا گنج کے سابق ممبر اسمبلی کے خباثت بھرے بیہودہ بیان کی شدید مذمت کی جس میں اس نے بھرے مجمع میں ایک منچ سے اپنے فرقے کے نوجوانوں سے کہا کہ مسلم "لڑکی لاؤ نوکری پاؤ" اس نے کہا کہ نوجوانوں ہاتھ اٹھا کر بتاؤ کہ کون کون اس کے لیے تیار ہے تو بھرے مجمع سے کچھ نوجوانوں نے ہاتھ اٹھا کر اس کی آواز پر آمادگی ظاہر کی۔ مفتی مکرم نے کہا کہ فرقہ پرست لیڈر نے مسلم لڑکیوں کی اور مسلم سماج کی توہین کی ہے اور دوسرے فرقے کے نوجوانوں کو غیر قانونی اور غیر آئینی بات پر اکسایا ہے یہ ناقابل معافی جرم ہے افسوس یہ ہے کہ ابھی تک اس فرقہ پرست لیڈر خلاف کوئی ایف ائی آر درج تک نہیں ہوئی ہے۔ مفتی مکرم نے مطالبہ کیا کہ اس فرقہ پرست لیڈر پر یواے پی اے کے تحت کارروائی کی جائے تاکہ سماج میں کسی طرح کی بدامنی اور نقض امن نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہر بہن بیٹی کی حفاظت ہونی چاہیے چاہے وہ کسی بھی سماج سے ہو۔ مفتی مکرم نے دی تاج اسٹوری فلم پر پابندی کا مطالبہ کیا انہوں نے کہا کہ فلم کا ٹریلر جو 16 اکتوبر کو لانچ کیا گیا تھا اس میں غلط معلومات دے کر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تاج محل کی تعمیر کو پونے 400 سو سال سے زیادہ ہو چکے ہیں سب جانتے ہیں کہ فلم بنانے والوں کا مقصد عوام کو گمراہ کرنا ہے ہمارا مطالبہ ہے کہ متنازعہ مناظر کو حذف کیا جائے اور اس کے سرٹیفکیٹ پر نظر ثانی کی جائے۔

روزنامہ
# اخبارِ مشرق
Published from Delhi • Kolkata • Ranchi • Bhopal • Lucknow • Srinagar • Asansol • Siliguri
AKHBAR-E-MASHRIQ
دہلی، ہفتہ، یکم/نومبر ۲۰۲۵ء، مطابق ۹/جمادی الاول ۱۴۴۷ھ

## ڈومریا گنج کے سابق ممبر اسمبلی کے انتہائی نفرت انگیز بیہودہ بیان پر کارروائی کا مطالبہ

نئی دہلی، 31/اکتوبر (پریس ریلیز) شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ نوجوانوں کی دینی تربیت کی طرف توجہ کریں افسوس یہ ہے کہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں دینداری سے بہت دور ہیں اور والدین تربیت میں ناکام ہیں۔ انہوں نے ڈومریا گنج کے سابق ممبر اسمبلی کے خباثت بھرے بیہودہ بیان کی شدید مذمت کی جس میں اس نے بھرے مجمع میں ایک منچ سے اپنے فرقے کے نوجوانوں سے کہا کہ مسلم "لڑکی لاؤ نوکری پاؤ" اس نے کہا کہ نوجوانوں ہاتھ اٹھا کر بتاؤ کہ کون کون اس کے لیے تیار ہے تو بھرے مجمع سے کچھ نوجوانوں نے ہاتھ اٹھا کر اس کی آواز پر آمادگی ظاہر کی۔ مفتی مکرم نے کہا کہ فرقہ

**دی تاج اسٹوری فلم پر پابندی لگائی جائے متنازعہ مناظر کو حذف کیا جائے، غزہ جنگ بندی کی خلاف ورزی کرنے پر اسرائیل کی شدید مذمت۔**




پرست لیڈر نے مسلم لڑکیوں کی اور مسلم سماج کی توہین کی ہے اور دوسرے فرقے کے نوجوانوں کو غیر قانونی اور غیر آئینی بات پر اکسایا ہے یہ نا قابل معافی جرم ہے افسوس یہ ہے کہ ابھی تک اس فرقہ پرست لیڈر خلاف کوئی ایف ائی آر درج تک نہیں ہوئی ہے۔ مفتی مکرم نے مطالبہ کیا کہ اس فرقہ پرست لیڈر پر یو اے پی اے کے تحت کارروائی کی جائے تاکہ سماج میں کسی طرح کی بدامنی اور نقض امن نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہر بہن بیٹی کی حفاظت ہونی چاہیے چاہے وہ کسی بھی سماج سے ہو۔ مفتی مکرم نے دی تاج اسٹوری فلم پر پابندی کا مطالبہ کیا انہوں نے کہا کہ فلم کا ٹریلر جو 16 اکتوبر کو لانچ کیا گیا تھا اس میں غلط معلومات دے کر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تاج محل کی تعمیر کو پونے 400 سو سال سے زیادہ ہو چکے ہیں سب جانتے ہیں کہ فلم بنانے والوں کا مقصد عوام کو گمراہ کرنا ہے ہمارا مطالبہ ہے کہ متنازعہ مناظر کو حذف کیا جائے اور اس کے سرٹیفکیٹ پر نظر ثانی کی جائے۔ مفتی مکرم نے غزہ میں جنگ بندی کے باوجود اسرائیل کی بمباری پر شدید ردعمل ظاہر کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اسرائیل کو جنگ بندی کا پابند بنایا جائے اور فلسطینیوں پر حملے بند کرائے جائیں۔

دہلی اور پٹنہ سے ایک ساتھ شائع ہونے والا اردو روزنامہ
Published Simultaneously from Delhi and Patna
Daily HAMARA SAMAJ Delhi
روزنامہ ہمارا سماج دہلی
दैनिक हमारा समाज दिल्ली
9, Issue: 47 www.hamarasamajdaily.com Saturday,01,November,2025 (Rs.2.

# غزہ جنگ بندی کی خلاف ورزی کرنے پر اسرائیل کی شدید مذمت

نئی دہلی، 31 اکتوبر، پریس ریلیز، ہمارا سماج: شاہی امام مسجد فتح پوری دہلی مفکر ملت مولانا ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد نے جمعہ کی نماز سے قبل خطاب میں مسلمانوں سے اپیل کی کہ نوجوانوں کی دینی تربیت کی طرف توجہ کریں افسوس یہ ہے کہ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں دینداری سے بہت دور ہیں اور والدین تربیت میں ناکام ہیں۔ انہوں نے ڈومریا گنج کے سابق ممبر اسمبلی کے خباثت بھرے بیہودہ بیان کی شدید مذمت کی جس میں اس نے بھرے مجمع میں ایک منچ سے اپنے فرقے کے نوجوانوں سے کہا کہ مسلم "لڑکی لاؤ نوکری پاؤ" اس نے کہا کہ نوجوانوں ہاتھ اٹھا کر بتاؤ کہ کون کون اس کے لیے تیار ہے تو بھرے مجمع سے کچھ نوجوانوں نے ہاتھ اٹھا کر اس کی آواز پر آمادگی ظاہر کی۔ مفتی مکرم نے کہا کہ فرقہ پرست لیڈر



نے مسلم لڑکیوں کی اور مسلم سماج کی توہین کی ہے اور دوسرے فرقے کے نوجوانوں کو غیر قانونی اور غیر آئینی بات پر اکسایا ہے یہ نا قابل معافی جرم ہے افسوس یہ ہے کہ ابھی تک اس فرقہ پرست لیڈر خلاف کوئی ایف ائی آر درج تک نہیں ہوئی ہے۔ مفتی مکرم نے مطالبہ کیا کہ اس فرقہ پرست لیڈر پر یواے پی اے کے تحت کارروائی کی جائے تاکہ سماج میں کسی طرح

کی بدامنی اور نقض امن نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہر بہن بیٹی کی حفاظت ہونی چاہیے چاہے وہ کسی بھی سماج سے ہو۔ مفتی مکرم نے دی تاج اسٹوری فلم پر پابندی کا مطالبہ کیا انہوں نے کہا کہ فلم کا ٹریلر جو 16 اکتوبر کو لانچ کیا گیا تھا اس میں غلط معلومات دے کر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تاج محل کی تعمیر کو پونے 400 سو سال سے زیادہ ہو چکے ہیں سب جانتے ہیں کہ فلم بنانے والوں کا مقصد عوام کو گمراہ کرنا ہے ہمارا مطالبہ ہے کہ متنازعہ مناظر کو حذف کیا جائے اور اس کے سرٹیفکیٹ پر نظر ثانی کی جائے۔ مفتی مکرم نے غزہ میں جنگ بندی کے باوجود اسرائیل کی بمباری پر شدید رد عمل ظاہر کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اسرائیل کو جنگ بندی کا پابند بنایا جائے اور فلسطینیوں پر حملے بند کرائے جائیں۔